لطائفِ خمسہ کے متعلق صوفیائے کرام نے فرمایا ہے کہ اَللَّطَائِفُ فَوْقَ الْعَرْشِ؛ یہ اس بات سے کنایہ ہے کہ یہ لطائف لامکانی ہیں اس لیے کہ مجرّد ہیں اور مجرّد اسے کہتے ہیں جس کا مکان نہ ہو۔ جبکہ عرش ایک مکان ہے اور اس سے اوپر کوئی مکان نہیں (اسی لیے عرش سے اوپر کو لامکان کہتے ہیں) عرش تمام مکانوں کو محیط ہے اور بعض ظاہر احادیث سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ عرش بھی ایک کرہ ہے۔

ان پانچ لطائف کے علاوہ لطیفہ نفس ہے جس کا مقام انسان کی پیشانی کا وسط ہے اور لطیفہ قالبیہ کا تعلق انسان کے تمام بدن سے ہے۔

صوفیاء کاملین فرماتے ہیں کہ عالمِ خلق کے لطائف

کی اصل عالم امر کے لطائف میں سے کسی لطیفہ کی اصل ہے) اللہ کریم نے عالم امر کے لطائفِ خمسہ کو (جو لامکانی ہیں) انسانی جسم کے بعض مناسب مقامات سے تعلق بخشا ہے تاکہ انسان، خلق اور امر کا جامع ہو جائے۔

فنا: ایک خاص حالت کو صوفیائے کرام فنا سے تعبیر کرتے ہیں اور اس سے آگے کے مرتبے کو فناء الفنا کہتے ہیں۔ یہ دونوں حالتیں ایسی ہیں کہ دنیاوی معاملات میں بھی اکثر لوگوں کو پیش آتی ہیں۔ فنا کا خلاصہ یہ ہے کہ ہر چیز سے توجہ ہٹ کر صرف محبوب ہی کا خیال دل میں رہ جائے اور فناء الفنا یہ ہے کہ اَنَا فَانٍ کا خیال بھی نہ رہے (اَنَا فَانٍ؛ مقامِ فنا کا شعور باقی رہنا)

لِلّٰہِ دَرُّ مَنْ قال ؎

تو در روگم شو وصال اینست و بس
گم شدن گم کن کمال اینست و بس

(تو اللہ کریم کی ذات میں گم ہو جا بس وصال (مل جانا) یہی ہے اور گم ہونے کو گم کر دے بھول جا، بس کمال یہی ہے۔

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔

تعلق حجاب است و بے حاصلی چو پیوند ہا بگسلی واصلی

(تعلق حجاب ہے اور بے فائدہ ہے، جب تمام پیوند (جوڑ) تو توڑ دے، تو واصل ہو گیا۔)

مزید فرماتے ہیں:

جز یادِ دوست ہر چہ کنی عمر ضائع است
جز سرِّ عشق ہر چہ بخوانی بطالت است

سعدی بشو لوحِ دل از نقشِ غیرِ حق
علمے کہ رہ بحق نہ نماید جہالت است

(اللہ کی یاد کے سوا جو کچھ کیا ہے عمر ضائع کی ہے عشق کے راز کو سمجھنے کے سوا جو پڑھا ہے وہ بے کار ہے۔ اپنے دل کی تختی کو حق کے نقش کے سوا ہر شے سے صاف کر دے وہ علم جو حق کی رہنمائی نہ کرے وہ جہالت ہے۔)

اَلْفَصْلُ مِنَ الْکُلِّ ھُوَ الْوَصْلُ بِالْکُلِّ
مَنْ لَمْ یَنْفَصِلْ (اے عنِ الدّنیا) لَمْ یَتَّصِلْ (اے باللہ)
دنیا سے توڑے بغیر رب سے نہیں مل سکتا

(بابا سب سے توڑ، بابا رب سے جوڑ)

یہ مقام کیسے حاصل ہوتا ہے؟ بزرگوں کی تعلیم کے مطابق ؎

تامّل در آئینۂ دل کُنی صفائی بتدریج حاصل کنی

(دل کے آئینے میں غور و فکر کرتے رہو آہستہ آہستہ صفائی حاصل ہو جائے گی۔)

غم جملہ خُور در ہوائے یکے مراعات صد کُن برائے یکے

(ایک کی آرزو میں سب کا غم کھا اور ایک کے لیے سب کا لحاظ کر۔)

لطائفِ خمسہ: لطیفہ ایک وجدانی کیفیت اور قلبی لذت ہے جس کا روح ادراک کرتی ہے سمجھنے کے لیے کہا جا سکتا ہے کہ جیسے کسی چیز کا لطف و مزہ۔

لطیفۂ قلب: اس کا مقام انسانی دل ہے جو سینہ میں قدرے بائیں طرف ہوتا ہے اور اس کا نور

زرد رنگ کا ہے اور یہ حضرت آدم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

لطیفۂ رُوح: اس کا مقام سینے کے دائیں طرف ہے اور اس کا نور سرخ رنگ کا ہے اور یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

لطیفۂ سِرّ: اس کا مقام سینے کے وسط اور قلب کے درمیان ہے اور اس کا نور سفید رنگ کا ہے اور یہ حضرت موسےٰ علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

لطیفہ خفی: اس کا مقام سینے کے وسط سے دائیں طرف ہے اور اس کا نور سیاہ رنگ کا ہے اور یہ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے زیرِ قدم ہے۔

لطیفۂ اَخفیٰ: اس کا مقام سینے کے درمیان

ہے اور اس کا نور سبز ہے اور یہ رسولِ کریم صلّے اللہ علیہ وسلم کے زیرِ قدم ہے

ان لطائف کی سیر کے لیے مراقبہ کریں اور اپنے کامل پیر و مرشد کا تصور کریں اور خیال رکھیں کہ اس ذات سے فیض آتا ہے جو بے چُون و بے چگُوں (بے مثل اور عقل سے ماورا) ہے۔ لطائف کی نیت یوں کریں:

۱۔ الٰہی تجلّیاتِ افعالیہ کا فیض جسے تو نے رسولِ کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے لطیفہ قلبِ مبارک سے حضرت آدم علیہ السلام کے قلب میں القا کیا میرے مشائخ کرام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ قلب میں القا فرما۔

۲۔ الٰہی تجلّیاتِ صفاتیہ ثبوتیہ کا فیض جسے تُو نے رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ رُوحِ مبارک

سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لطیفۂ رُوح میں القا کیا میرے مشائخ کرام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ رُوح میں القا فرما۔

۳۔ الٰہی شئون ذاتیہ کی تجلیات کا فیض جسے تُو نے رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ سرِّ مُبارک سے حضرت موسےٰ علیہ السلام کے لطیفۂ سرّ میں القا کیا، میرے مشائخ کرام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ سرّ میں القا فرما۔

۴۔ الٰہی صفاتِ سلبیہ کی تجلیات جسے تُو نے رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے لطیفۂ خفی مبارک سے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے لطیفۂ خفی میں القا کیا میرے مشائخ کرام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ خفی میں القا فرما۔

۵۔ الٰہی تجلیاتِ شانِ جامع کا فیض جسے تُو نے رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لطیفۂ اخفیٰ مبارک میں القا کیا ہے میرے مشائخِ کرام کے وسیلے سے میرے لطیفۂ اخفیٰ میں القا فرما۔

انسانی جسم میں لطائفِ خمسہ کو جاری کرنے کے لیے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخِ عظام نے جو وظائف تعلیم فرمائے ہیں وہ یہ ہیں:

مختصر درود شریف: صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اِس درود شریف کو کثرت سے پڑھنے سے لطیفۂ قلب جاری ہو جاتا ہے اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پڑھتے ہوئے اپنا مونھ روضۂ رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی طرف کرکے دل میں خیال کرے کہ میں حضور اکرم صلّی اللہ علیہ

وسلّم کے روضۂ اقدس میں حاضر ہوں اور اللہ کریم جلّ شانہٗ سے فیضانِ رسول کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مبارک قلب میں آرہا ہے اور رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے قلبِ مطہّر سے میرے قلب میں پانی کی دھار کے مِثل پڑ رہا ہے اس درود شریف کو اپنے قلب پر ہی نیت کرکے پڑھا جائے۔

روزانہ پانچ وقت نماز کے بعد ایک سو مرتبہ آیت کریمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اور عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ درود شریف صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ پڑھیں اور سانس روک کر اَللّٰہُ اَللّٰہُ (اسم ذات) کا ورد کریں۔ حَبسِ دَم (سانس روکنے) کا طریقہ یہ ہے کہ مونھ کی طرف سے قلب

میں سانس (دم) کو روک کر قلب ہی سے اَللّٰہُ اَللّٰہُ کریں اس طرح کہ زبان حرکت نہ کرے یعنی زبان تالو سے لگا کر منہ بند کر کے دل کی حرکت سے جس میں اسم ذات کا ذکر کریں، جب سانس باہر نکالنا چاہیں تو ہرگز ہرگز منہ سے نہ نکالیں بلکہ ناک سے نکالیں، جب سانس نکال لیں تو یہ کہیں (الٰہی مقصودِ من توئی و رضائے تو، مرا محبت و معرفتِ خود بدہ) الٰہی میرا مقصود تو ہی ہے اور تیری رضا ہے، مجھے اپنی محبت و معرفت عطا فرما۔ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے ہر سانس کے ساتھ اللہ کا ذکر اس طرح جاری رکھیں کہ قلب اَللّٰہُ اَللّٰہُ کرتا رہے اور اپنی توجہ دل کی طرف اور دل کی توجہ اللہ کی طرف رکھیں۔

لطیفۂ رُوح جاری کرنے کے لیے یہ درود شریف پڑھیں: صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

یا صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ

اِس کے بعد لطیفۂ سِرّ و خفی جاری کرنے کے لیے یہ درود شریف پڑھیں: صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اور پھر لطیفۂ اخفیٰ کھولنے کے لیے یہ درود شریف پڑھیں: اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ اِس درود شریف کے پڑھنے سے لطیفۂ اخفیٰ کی اعلیٰ درجہ کی سیر شروع ہوتی ہے۔

دینی و دنیوی حاجات کے لیے یہ درود شریف کثرت سے پڑھیں: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ ○ اِس درود شریف کو اس طرح بھی پڑھا جاسکتا ہے : اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ مِائَةَ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ ○

● لطائفِ خمسہ کے علاوہ ذکر نفی واثبات اور سلطان الاذکار حبسِ دم کے ساتھ روحانی مدارج کی ترقی کے لیے نہایت خاص ہے۔ سلطان الاذکار کا طریقہ مرشدِ کامل اس شخص کو تعلیم کرتا ہے جو پہلے لطائفِ خمسہ میں کمال حاصل کرلے۔

اصطلاحاتِ طریقۂ نقش بندیہ اویسیہ کا مختصر مفہوم

ھوش دردم : ہر نفس میں بیداری و ہوشیاری رکھنا اِس طرح کہ ہر اندر باہر آنے جانے والا سانس بھی یادِ الٰہی سے خالی و غافل نہ ہو۔

نظر برقدم : اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ہر گز ادھر اُدھر نظر نہ ڈالنا یعنی خبردار رہنا کہ نظر کا کسی طرح غلط استعمال نہ ہو اور مناظر کے سبب سے دل میں پراگندگی نہ آنے پائے۔

سفر در وطن : صفاتِ بشری سے صفاتِ ملکی، صفاتِ ذمیمہ سے صفاتِ حمیدہ کی طرف (باطنی سفر

کے ذریعے جو کہ ظاہری سفر سے اعلیٰ ہے) انتقال کرنا اور جہانِ خلق کی بجائے جنابِ حق کی طرف توجہ رکھنا یعنی ہر وہ چیز اور کام ترک کر دینا جو نفس و باطن میں تطہیر و تزکیہ اور نورانیت حاصل کرنے میں مانع ہو۔

خلوۃ در انجمن: دِل سے ہر لمحے اللہ تعالیٰ کے ساتھ مشغول رہنا اور مشاہدۂ اسرار کرنا، بظاہر با خلق، بباطن با حق یعنی دست بکار، دل بیار، توجہ اِلَی اللہ میں کمال حاصل کرنا۔

یاد کرد: قلب و لِسان سے ذکرِ الٰہی کا شغل رکھنا اور ہر عمل میں رضائے الٰہی پیشِ نظر رکھنا۔

بازگشت: وظائف و اَوراد سے پیدا ہونے والی کیفیات میں محو نہ ہونا اور ان کو مقصود نہ سمجھنا بلکہ

اللہ کی معرفت و محبت اور رضا کا طالب رہنا اور مناجات دہراتے رہنا۔

نگہ داشت: ظاہری و باطنی تزکیہ و تطہیر کی کوشش کرتے رہنا اور خواہشاتِ نفس، وَساوِسِ شیطانی، رغبتِ معصیت اور فضول گوئی کا خیال بھی دل میں نہ رہنے دینا اور کسی خطرے اور غیرِ حق کے خیال کو لمحہ بھر باقی نہ رکھنا۔

یادداشت: اللہ کی طرف ایسا دھیان اور اس کی دَوامی یاد رکھنا جو الفاظ و خیالات کے ذریعے سے نہ ہو بلکہ مکمل توجہ حقیقتِ اصلی کی طرف لگانا۔

وقوفِ زمانی: اپنا محاسبہ کرتے رہنا کہ وقت

کس حال میں گزر رہا ہے ہر حال میں خود سے اس طرح آگاہ رہنا کہ غفلت اور معصیت نہ ہونے دینا۔

وقوفِ عددی : ذکر اور اوراد میں طاق عدد اختیار کرنا یعنی ہر طرح رضائے الٰہی کا خیال رکھنا۔ اور توجہ رکھنا کہ اذکار سے کیا نتیجہ مترتب ہو رہا ہے۔

وقوفِ قلبی : اللہ ہی سے لَو لگانا اور دل میں اُسی کی یاد رکھنا، دل پر ایسی توجہ رکھنا کہ بیرونی خطرات وغیرہ دل میں داخل نہ ہونے پائیں، مراقبہ کرنا اور دل کی حالت سے آگاہ رہتے ہوئے دل کے احوال درست رکھنا

اے نقشِ بند عالم نقشِ مراببند
نقشِ چناں ببند کہ گویند نقش بند

اولیاؔ اور اُن کے درجات

ولایت کی تین صورتیں ہیں : فطری ، وہبی کسبی اور اسی ترتیب سے ان کی فضیلت ہے۔

فِطری : جو مادرزاد (پیدائشی) ولی ہوں

وَھبی : جو کسی کی نظرِ کرم اور فیض سے ولی ہوں

کَسبی : جو محنت و ریاضت یعنی عبادات کی کثرت اور اخلاص سے ولی ہوں۔

رسولِ کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ مُلکِ شام میں چالیس ابدال ہمیشہ رہیں گے جن کی برکت سے اہلِ زمین پر بارشیں ہوں گی (مشکوٰۃ) رسولِ کریم صلّی

اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا میری امت میں تین سو ایسے
اولیاءُ اللہ ہمیشہ رہیں گے جو حضرت آدم علیہ السلام کے
نقش قدم پر ہونگے اور چالیس اولیا اللہ حضرت موسےٰ
علیہ السلام کے اور سات اولیاءُ اللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام
کے نقشِ قدم پر ہونگے اور پانچ اولیاءُ اللہ ایسے ہوں گے
جن کا قلب حضرت جبرائیل علیہ السلام کے قلب پر اور تین
کا حضرت میکائیل علیہ السلام اور ایک کا حضرت اسرافیل
علیہ السلام کے قلب پر رہے گا جب اس ایک کا انتقال ہوگا
تو ان تین میں سے کوئی ایک اس کی جگہ قائم ہوگا اور
تین کی کمی ان پانچ میں سے اور پانچ کی کمی سات میں
سے اور سات کی کمی چالیس میں سے اور چالیس کی کمی
تین سَو تیرہ اولیاءُ اللہ سے پوری کی جائے گی اور تین سَو

کی کمی امتِ مسلمہ سے پوری کر دی جاتی ہے۔
(مرقاۃ شرح مشکوٰۃ)

حضرت ابوعثمان مغربی فرماتے ہیں کہ ابدال (قیوم)
چالیس ہیں۔ امناء (ابرار) سات ہیں۔ خلفاءُ (نقباء)
تین ہیں۔ قطبِ عالَم (قطب مدار) ایک ہے اور اس کو
ان تین خلفا کے سوا کوئی نہیں پہچانتا۔

حضرت شیخ محی الدّین ابنِ عربی فرماتے ہیں کہ قطبِ
عالَم سے مرکزِ عالَم قائم ہے اس کے دو وزیر (امام) ہوتے
ہیں۔ دایاں اور بایاں۔ دایاں وزیر عالَمِ ارواح کی اور
بایاں عالَمِ اجسام کی حفاظت پر مامور ہے۔ ان کے ماتحت
چار اَوتاد ہیں جو چہار سمت مشرق مغرب جنوب شمال
کے محافظ ہیں اور سات ابدال اقالیمِ سبع (سات ولایتوں)

کے محافظ ہیں۔ علامہ اسمٰعیل حقّی رُوح البیان میں فرماتے ہیں کہ قطبِ عالَم کی وفات کے بعد اس کا بایاں وزیر اس کے قائم مقام ہو جاتا ہے اور دایاں وزیر بائیں وزیر کا درجہ منصب لے لیتا ہے اور ان کے ماتحت اولیاء میں سے کسی کو ترقی دے کر دایاں وزیر کا درجہ و منصب دے دیا جاتا ہے یہ تعداد صرف اہلِ خدمت اولیاء اللہ کی ہے جن کو دنیوی انتظام پر مامور کیا جاتا ہے دیگر اولیاء اللہ کی تعداد بے شمار ہے جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جہاں چالیس صالح مسلمان جمع ہوں ان میں کوئی ایک ولی اللہ ضرور ہوتا ہے اور کچھ صالح مومن ایسے بھی ہوتے ہیں جو ولی تو ہوتے ہیں لیکن انہیں اپنے ولی ہونے کی آگہی نہیں ہوتی۔ واضح رہے کہ کوئی بدعقیدہ بے دین ہرگز ہرگز ولی اللہ نہیں ہو سکتا۔

صلوٰۃ وسلام

یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک — صلوٰۃ اللہ علیک
رحمتوں کے تاج والے — دو جہاں کے راج والے
عرش کی معراج والے — عاصیوں کی لاج والے
یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک — صلوٰۃ اللہ علیک
جان کر کافی سہارا — لے لیا ہے در تمہارا
خلق کے وارث خدارا — لو سلام اب تو ہمارا
یا نبی سلام علیک — یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک — صلوٰۃ اللہ علیک

آپ کا در ہو مرا سر　　سامنے ہو رُوئے اَنور
حسنین کا صدقہ کرم کر　　چشم و دل کر دو منوّر
یا نبی سلام علیک　　یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک　　صلوٰۃ اللہ علیک
واسطہ آلِ عبا کا　　واسطہ خیر النساء کا
اور شہیدِ کربلا کا　　غم نہ ہو روزِ جزا کا
یا نبی سلام علیک　　یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک　　صلوٰۃ اللہ علیک
از طفیلِ غوثِ اعظم　　گنج بخشِ فیضِ عالم
صدقہ امامِ اعظم　　دُور ہوں سب ہی کے رنج و غم
یا نبی سلام علیک　　یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک　　صلوٰۃ اللہ علیک

پوری یارب یہ دعا کر　　ہم درِ مولیٰ پہ جا کر
پہلے کچھ نعتیں سنا کر　　پھر کہیں سر کو جھکا کر
یا نبی سلام علیک　　یا رسول سلام علیک
یا حبیب سلام علیک　　صلوٰۃ اللہ علیک

السّلام اے سبز گنبد میں مکیں
السّلام اے رحمۃً للعالمیں
یا الٰہی از پئے زلفِ رسول
یہ سلامِ عاجزانہ ہو قبول
اے خدا کے آخری پیارے رسول
یہ سلامِ عاجزانہ ہو قبول

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم　　صلی اللہ علیہ وسلم　　صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ مُناجات ہر نماز کے بعد پڑھیں

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو
جب پڑے مشکل شہِ مشکل کُشا کا ساتھ ہو

یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو
شادیِ دیدارِ حُسنِ مصطفےٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی آئے گور و قبر کی جب سخت رات
ان کے پیارے مونھ کی صبحِ جانفزا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے
صاحبِ کوثر شہِ جود و عطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی سرد مہری پر ہو جب خورشیدِ حشر
سیّدِ بے سایہ کے ظلِّ لِوا کا ساتھ ہو

ربِّ سلِّم علیٰ رسُولِ اللہ — مرحبا مرحبا حبیبَ اللہ
ہاں دکھا دو بہار جینے کی — ہو زیارت ہمیں مدینے کی!
ان کے روضے کی دید ہو جائے — ہم غریبوں کی عید ہو جائے
جب دم واپسیں ہو یا اللہ — لب پہ ہو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہ
ہیں محمدؐ مرے رسُولَ اللہ

(صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم)

یا الٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن
دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہَوا کا ساتھ ہو

یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں
عیب پوشِ خلق ستّارِ خطا کا ساتھ ہو

یا الٰہی رنگ لائیں جب مری بیباکیاں
ان کی نیچی نیچی نظروں کی حیا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب بہیں آنکھیں حسابِ جرم میں
ان تبسّم ریز ہونٹوں کی دعا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب چلوں تاریک راہِ پُل صراط
آفتابِ ہاشمی نورُ الہُدیٰ کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے
رَبِّ سَلِّمْ کہنے والے غمزُدا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جو دُعائیں نیک ہم تجھ سے کریں
قدسیوں کے لب سے آمیں رَبَّنَا کا ساتھ ہو

یا الٰہی جب رضا خوابِ گراں سے سر اُٹھائے
دولتِ بیدار عشقِ مُصطفےٰ کا ساتھ ہو

○

خدایا بدہ شوقِ ذاتِ رسُول — بدردِ محمدؐ مرا کن قبول
شب و روز در عشقِ حضرت بدار — ہمہ عُمر در وصلِ احمد گزار

○

الٰہی بحقِّ نبی فاطمہ — کہ بر قولِ ایماں کُنی خاتمہ
اگر دعوتم رَد کنی وَر قبول — من و دست و دامانِ آلِ رسُول

○

شنیدم کہ در روزِ امید و بیم — بداں را بہ نیکاں بخشد کریم

خدایا به عزّت که خوارم مکُن — بذُلِّ گنه شرمسارم مکن
امیدست از آنان که طاعت کنند — که بے طاعتان را شفاعت کنند
عجب داری از لطف پروردگار — که باشد گنه کاری امیدوار
همی شرم دارم ز لطفِ کریم — که خوانم گنه پیشِ عفوش عظیم
اگر جرم بخشی به مقدارِ جُود — نماند گنه کاری اندر وجود

فرو ماندگان را به رحمت قریب
تضرّع کنان را به دعوت مجیب (سعدی)

یارب درِ خلق تکیه گاهم نه کنی
محتاجِ گدا و پادشاهم نه کنی
مُوئے سیاهم سفید کردی به کرم
با مُوئے سفید رُو سیاهم نه کنی

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

استغاثہ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

واہ کیا جود و کرم ہے شہِ بطحا تیرا
نہیں سنتا ہی نہیں مانگنے والا تیرا

چور حاکم سے چھپا کرتے ہیں ہاں اس کے خلاف
تیرے دامن میں چھپے چور انوکھا تیرا

ایک میں کیا مرے عصیاں کی حقیقت کتنی
مجھ سے سو لاکھ کو کافی ہے اشارا تیرا

تیرے ٹکڑوں سے پلے غیر کی ٹھوکر پہ پڑا
جھڑکیاں کھائیں کہاں چھوڑ کے صدقہ تیرا

میری تقدیر بُری تو بھلی کر دے کہ ہے
محو و اثبات کے دفتر پہ کروڑا تیرا

تو جو چاہے تو ابھی میل مرے دل کے دھلیں
کہ خدا دل نہیں کرتا کبھی میلا تیرا

کس کا منہ تکیے کہاں جائیے کس سے کہیے
تیرے ہی قدموں پہ مٹ جائے یہ پلا تیرا

تیرے صدقہ مجھے اک بوند مہابت ہے تیری
جس دن اچھوں کو ملے جام چھلکتا تیرا

دور کیا جانے بدکار پہ کیسی گزرے
تیرے ہی ڈر پہ مرے بے کس و تنہا تیرا

بد سہی چور سہی مجرمِ ناکارہ سہی
اے وہ کیسا ہی سہی ہے تو کریما تیرا

کنجیاں دل کی خدا نے تجھے دیں ایسی کر
کہ یہ سینہ ہو محبت کا خزینہ تیرا

تیری سرکار میں لاتا ہے رضاؔ اس کو شفیع
جو مرا غوث ہے اور لاڈلا بیٹا تیرا

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

مومن ہوں مومنوں پہ رؤف و رحیم ہو
سائل ہوں سائلوں کو خوشی لا نہر کی ہے

توفیق دے کہ آگے نہ پیدا ہو خوئے بد
تبدیل کر جو خصلتِ بد پیش تر کی ہے

اپنا شرف دعا سے ہے باقی رہا قبول
یہ جانیں ان کے ہاتھ میں کنجی اثر کی ہے

سرکار ہم گنواروں میں طرزِ ادب کہاں
ہم کو تو بس تمیز یہی بھیک بھر کی ہے

مانگیں گے مانگ جائیں گے منہ مانگی پائیں گے
سرکار میں نہ لا ہے نہ حاجت اگر کی ہے

اف بے حیائیاں یہ منہ اور ترے حضور
ہاں تو کریم ہے تری خو درگزر کی ہے

تجھ سے چھپاؤں منہ تو کروں کس کے سامنے
کیا اور بھی کسی سے توقع نظر کی ہے

جاؤں کہاں پکاروں کسے کس کا منہ تکوں
کیا پرسش اور جا بھی سگِ بے ہنر کی ہے

لب وا ہیں آنکھیں بند ہیں پھیلی ہیں جھولیاں
کتنے مزے کی بھیک ترے پاک در کی ہے

قسمت میں لاکھ ہیچ ہوں سو بل ہزار کج
یہ ساری گتھی اک تری سیدھی نظر کی ہے

میں خانہ زاد کہنہ ہوں صورت لکھی ہوئی
بندوں کینیوں میں مرے مادر پدر کی ہے

منگتا کا ہاتھ اٹھتے ہی داتا کی دین تھی
دُوری قبول و عرض میں بس ہاتھ بھر کی ہے

دعا کے چند آداب اور قبولیتِ دعا کے چند اوقات

اللہ تعالےٰ کی حمد وثنا اور رسول کریم صلّے اللہ علیہ وسلّم پر درود وسلام سے دعا شروع کریں، ہاتھوں کو پھیلا کر (کاندھوں کی اونچائی تک) اٹھائیں، عاجزی وانکساری اور گریہ وزاری کرتے ہوئے عرض گزار ہوں، اللہ کریم کے اسمائے حُسنیٰ، کتاب وسنت میں مذکور اس کی صفات، اس کے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلّم اور اس کے پیاروں کے وسیلے سے سوال کریں۔ دعا کے آخر میں خود بھی آمین کہیں اور درود وسلام ہی پر دعا ختم کریں۔ دعا کرتے ہوئے رُو بہ قبلہ رہیں، لیکن روضۂ رسول (مواجہ شریف) اور اللہ کے پیاروں کے مزارات پر خیال رکھیں کہ کہ اپنی پشت اُن کی طرف نہ کریں بلکہ اُن کے چہرہ مبارک ہی کی طرف رُخ رکھیں۔ اپنے والدین اور مُرشِد کو ہر دعا میں ضرور یاد رکھیں۔ ہر وہ شخص جس کی غذا حلال وطیب نہیں

یا وہ قاطعِ رحم ہے، اس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ رات کے آخری پہر، اذان واقامت کے درمیان، جمعرات وجمعہ کی درمیانی شب، جمعہ کے دن، جمعہ کی نماز کے وقت، اذان کے بعد، روزہ کی افطاری پر، پیر کی صبح صادق (میلادُ مصطفےٰ کی ساعت) میں، کسی مبارک مقام کی زیارت پر، ذکرِ الٰہی اور ذکرِ رسول کی مجلس میں، ختمِ قرآن پر، ماہِ صیام میں، شبِ میلادِ نبی، شبِ قدر، شبِ برأت اور ہر مبارک رات میں، نیک دعائیں (بالخصوص) قبول ہوتی ہیں۔ مظلوم کی دعا ظلم سے رہائی تک، حاجی کی دعا گھر پہنچنے تک، مجاہد کی دعا جہاد جاری رکھنے تک، مریض کی دعا شفایاب ہونے تک اور (مسلم) بھائی کی دعا بھائی کی عدم موجودگی میں قبول ہوتی ہے یا الٰہی مسلمانوں کی نیک دعاؤں میں ہم کو شامل فرما اور ہماری نیک دعائیں سب مسلمانوں کے حق میں قبول فرما، آمین۔

دُعائیں

بہتر یہ ہے کہ جو دعائیں قرآنِ کریم میں اور صحیح احادیث میں ہیں وہ یاد کی جائیں اور بارگاہ الٰہی میں نہایت عاجزی وزاری سے وہ دعائیں کی جائیں۔ یہاں چند خاص دعائیں درج کی جارہی ہیں جب بھی دعا کریں اس دعا میں یہ دعائیں بھی شامل کریں۔

ہر دعا میں درود شریف پڑھ کر پہلے یہ دو آیات پڑھیں کہ ان میں اسمِ اعظم شامل ہے اس کی برکت سے دعا قبول ہوگی،

○ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○ وَ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○ الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○

اِس دعا میں بھی اسمِ اعظم شامل ہے یہ بھی پڑھیں

○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

○ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ وَالْمُعَافَاۃَ الدَّائِمَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ۔

○ یَا رَبِّیْ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْھِکَ وَعَظِیْمِ سُلْطَانِکَ۔

○ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنْ جَھْدِ الْبَلَاءِ وَمِنْ دَرْکِ الشَّقَاءِ وَمِنْ سُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَۃِ الْاَعْدَاءِ۔

○ اَللّٰھُمَّ اَعِنَّا عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ۔

○ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبَّ عَمَلٍ یُّقَرِّبُنَا اِلَیْکَ۔

اَللّٰهُمَّ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
اَسْئَالُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى

اَللّٰهُمَّ يَا مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا زِيَارَةَ حَبِيْبِكَ وَشَفَاعَةَ حَبِيْبِكَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ
الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ
بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَنَعُوْذُبِكَ
مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَنَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَ

الْبُخْلِ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ
اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ
اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ
مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ (تین مرتبہ)۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ
مَا عَلِمْنَا مِنْهُ وَمَا لَمْ نَعْلَمْ، وَنَعُوْذُبِكَ مِنَ الشَّرِّ
كُلِّهٖ عَاجِلِهٖ وَاٰجِلِهٖ، مَا عَلِمْنَا مِنْهُ وَمَا لَمْ
نَعْلَمْ، وَنَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ حَبِيْبُكَ
وَرَسُوْلُكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ
عِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ۔ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ
مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ حَبِيْبُكَ وَرَسُوْلُكَ مُحَمَّدٌ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِبَادُكَ الصَّالِحُوْنَ۔

○ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ

○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَفِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا وَفِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَفِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَعَنْ یَمِیْنِیْ نُوْرًا وَعَنْ یَسَارِیْ نُوْرًا وَمِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَمِنْ اَمَامِیْ نُوْرًا وَجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا وَمِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ لِیْ نُوْرًا وَفِیْ عَصَبِیْ نُوْرًا وَفِیْ لَحْمِیْ نُوْرًا وَفِیْ دَمِیْ نُوْرًا وَفِیْ شَعْرِیْ نُوْرًا وَفِیْ بَشَرِیْ نُوْرًا وَاجْعَلْ لِیْ فِیْ نَفْسِیْ نُوْرًا وَاَعْظَمَ لِیْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ نُوْرًا۔

○ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَكَاتِكَ وَفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ وَرِزْقِكَ۔

○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِكَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِكَ۔

○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ نَفْسًا بِكَ مُطْمَئِنَّةً تُؤْمِنُ بِلِقَائِكَ وَتَرْضٰی بِقَضَائِكَ وَتَقْنَعُ بِعَطَائِكَ

○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ صِحَّةً فِیْ اِیْمَانٍ وَّاِیْمَانًا فِیْ حُسْنِ خُلُقٍ وَنَجَاحًا، یَتْبَعُهٗ فَلَاحٌ وَرَحْمَةً مِّنْكَ وَعَافِیَةً وَّمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا۔

○ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ، وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِیْ فِیْ كُلِّ خَیْرٍ، وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِیْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ، اَللّٰهُمَّ اَحْیِنِیْ مَا كَانَتِ الْحَیَاةُ خَیْرًا لِیْ وَتَوَفَّنِیْ اِذَا كَانَ الْمَوْتُ خَیْرًا لِیْ۔

تحفۂ کوکب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (اکیس مرتبہ)، سورۂ فاتحہ (سات مرتبہ)، قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْن (ایک مرتبہ)، قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ (تین مرتبہ)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقْ (ایک مرتبہ)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسْ (ایک مرتبہ)، آيَةَ الْكُرْسِيْ (ایک مرتبہ)، يَا سَلَامُ (۱۳۱ مرتبہ)، پھر ایک مرتبہ یہ پڑھیں: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَقُوَّةِ الْاَرْوَاحِ وَغِذَائِهَا وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْن۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْر۔ يَخْرُجُ مِنْ

- اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَالُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَاسِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا
- اَللّٰهُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ وَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْن۔
- اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنَا الْجَنَّةَ الْفِرْدَوْس
- اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ۔
- اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَتَرْكَ الْمُنْكَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاكِيْنِ فَاِذَا اَرَدْتَّ بِعِبَادِكَ فِتْنَةً فَاقْبِضْنِيْ اِلَيْكَ غَيْرَ مَفْتُوْنٍ ط
- رَبِّ اجْعَلْنِيْ ذَكَّارًا لَكَ، شَكَّارًا لَكَ، رَهَّابًا لَكَ مِطْوَاعًا اِلَيْكَ اَوَّاهًا مُنِيْبًا۔
- سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ، وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔

بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ
وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ
وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۔ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
هُدًى وَّشِفَاءٌ ۝ اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْهِبَ
الْبَاْسِ اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ شِفَاءً
لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
سَلَامٌ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ۔ سَلَامٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهَارُوْنَ
سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۔ سَلَامٌ عَلٰى اِلْ يَاسِيْنَ ۔
سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعَالَمِيْنَ ۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ
رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۔ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ بِحَقِّ
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۔ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ لَهٗ مُعَقِّبَاتٌ
مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۔
وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۔ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ
مَّارِدٍ ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً
نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَائِفَةً مِّنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ
اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ
هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ
يُخْفُوْنَ فِيْ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ
كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ
بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى
مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ
وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ
مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ
رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا سِيْمَا
هُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي
التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ
فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ
الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ○
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ
الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ
الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ

الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ
بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ط
وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ (تین مرتبہ) ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِيْمِ ۔ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَ
اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۔ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ
التَّآمَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ
هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۔ يَا اَللّٰهُ
يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا سَلَامُ يَا حَافِظُ يَا حَفِيْظُ يَا نَاصِرُ يَا نَصِيْرُ
يَا مُعِيْنُ يَا سَلِيْمُ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا كَافِيْ بِحُرْمَةِ
اٰلٓمّٓ الٓمّٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰسٓمٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ نٓ

یٰسٓ طٰہٰ قٓ صٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ وَبِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٌ مَحْمُوْدٌ
اَحْمَدُ حَامِدٌ حَمِيْدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ يَا حَيُّ حِيْنَ
لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ
(تین مرتبہ) ——— اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ
وَشِفَائِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَائِهَا وَقُوَّةِ الْاَرْوَاحِ وَ
غِذَائِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

روزانہ یا ہر جمعہ یا ہر پیر کو پانی پر دم کرکے پئیں
اور اپنے ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر
پھیر لیں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی اور بُرے اثرات
اور سحر وغیرہ سے محفوظ رہیں گے۔

فقیر کوکب نورانی اوکاڑوی عفرلہٗ

ضروری ہدایات

یاد رکھیے کہ ہمارا دین اسلام ہے جسے اللہ تعالےٰ
نے ہمارے لیے پسند کیا ہے۔ ہماری دنیا و آخرت کی
بھلائی اسی میں ہے کہ ہم دل و جان سے اِس دین کے
پابند رہیں اور دینی تعلیمات پر عمل کریں۔

چاروں مذاہب سچے ہیں حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی
یہ سب اہلِ سنّت و جماعت ہیں اور اہلِ سنّت و جماعت
کا مسلک ہی حق ہے۔ اِس کے خلاف جتنے بھی فرقے
ہیں وہابی، دیوبندی، تبلیغی، مودودی، چکڑالوی، غیر مقلّد
شیعہ، رافضی، خارجی وغیرہ، سب گمراہ اور بدعقیدہ ہیں۔

یہ سب اللہ اور رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دشمن ہیں اِن سے الگ رہنا اور اِنہیں اپنا ایمانی دشمن سمجھنا چاہیئے نہ اِن کی کتابیں پڑھنا چاہیئے نہ ان کی مجلسوں میں جانا چاہیئے۔ اپنے عقائد پر قائم رہتے ہوئے استقامت کے ساتھ نیکی و بھلائی کو اختیار کریں۔ خیال رہے کہ بغیر معلومات کے خواہ مخواہ بحث مباحثہ نہیں کرنا چاہیئے۔

یاد رکھیں کہ بیعت اور مُرید ہونے کے معنی یہ ہیں کہ آپ کی رضا اور ارادہ وہی ہو جو آپ کے پیر کی رضا اور ارادہ ہے آپ کا پیر جو حکم دے اس کو ماننا ضروری ہے پیر کی محبت اللہ اور اس کے رسول کی محبت ہے جتنی محبت زیادہ ہو گی اور عقیدت جتنی پختہ ہو گی، اتنا ہی فیض اور فائدہ زیادہ ہو گا۔

یاد رکھیں کہ دین و دنیا کی بھلائی اور نجات اُخروی کا

دار و مدار ایمان پر ہے اگر عقائد صحیح نہیں ہوں گے، تو اعمال کا فائدہ نہیں ہو گا اور وہی پیر سچّا ہے جو صحیح العقیدہ مومن اور شریعت و سنّت کا پابند ہے اور مرید بھی وہی سچّا ہے جو اپنے پیر کا فرماں بردار اور پکّا عقیدت مند ہے۔

ضروریاتِ دین، عقائد اور عبادات وغیرہ کے بارے میں بنیادی معلومات ہر مسلمان کے لیے جاننا ضروری ہیں ہر عاقل و بالغ مرد و عورت پر پنج وقتہ نماز فرض ہے، اپنے بچوں اور مسلمان ملازموں کو بھی اس کی تاکید کریں۔

ہر مال دار صاحب نصاب پر زکوٰۃ فرض ہے۔ ہر سال باقاعدہ حساب کر کے زکوٰۃ ادا کریں۔ اگر گزشتہ برسوں کی زکوٰۃ نہ دی ہو تو وہ بھی اکٹھی یا تھوڑی تھوڑی کر کے ادا کر دیں مگر دیر کرنا گناہ ہے۔ زکوٰۃ کے علاوہ صدقہ و خیرات

بھی ادا کیا کریں اس سے بَلائیں دُور ہوتی ہیں۔ یہ خیال رکھیں کہ بدعقیدہ لوگوں اور ان کے اداروں کو زکوٰۃ وغیرہ دینے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی۔ ان کی مدد کرنے سے یہ گناہ اور نقصان بھی آپ کو ہوگا کہ وہ لوگ اہلِ سنّت کے خلاف جو کام آپ کے پَیسوں سے کریں گے اس میں آپ بھی شریک ہو جائیں گے — بینکوں سے آپ کی رقم پر جو سُود ملتا ہے وہ بینکوں میں نہ چھوڑیں بلکہ وہ بینکوں سے لے کر کسی غریب مستحق کو ثواب کی نیت کے بغیر دے دیں۔ کیوں بینک والے برائی میں اور غیر مسلم اِس رقم کو اسلام کے خلاف استعمال کرتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ سود لینا، سود دینا اور سودی رقم سے کاروبار کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔

کاروبار میں اور اس کے علاوہ بھی ہر کسی کو رقم دیتے اور

لیتے ہوئے لکھنا ضروری ہے تاکہ بعد میں کوئی نزاع نہ ہو۔ دنیا کے مال کے لیے بالخصوص اپنے خاص قرابت داروں سے جھگڑا کرنا یا مقدمے بازی وغیرہ اچھا نہیں ہے۔ آپس میں ایک دوسرے کے لیے خلوص و محبّت اور ایثار و ہم دردی کا مظاہرہ کریں۔ ہر ایک پر دوسرے کے حقوق ہیں۔ ان حقوق کی ادائی ہی سے گھروں میں امن و آشتی اور محبّت و اتفاق قائم رہتا ہے اور برکت و رحمت ہوتی ہے۔

ماہِ رَمضان میں باقاعدگی سے روزے رکھیں کیوں کہ وہ فرض ہیں اگر کسی عذر یا مجبوری کی وجہ سے کچھ روزے رہ جائیں تو آئندہ رمضان سے پہلے ان کو پورا کریں۔ یاد رکھیں کہ روزہ صرف بھوکے رہنے کا نام نہیں۔ روزے کا مقصد

تقویٰ حاصل کرنا ہے آپ کو ہر وقت یہ یاد رکھنا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دیکھ رہا ہے۔ ہر صاحب استطاعت پر زندگی میں ایک مرتبہ حج فرض ہے، فریضہ حج ادا کرنے میں دیر نہ کریں کیونکہ زندگی کا کوئی بھروسا نہیں، حرمین شریفین کی زیارت کو اپنے لیے بہت بڑی سعادت سمجھیں اور حج وعمرہ کے بعد نیکیوں پر استقامت اختیار کریں۔

جھوٹ تمام برائیوں کی جڑ ہے اس سے ہر طرح بچیں غیبت، بے ہودہ گوئی، گالی گلوچ، الزام تراشی، افواہ طرازی ناجائز منافع خوری، رشوت، خیانت، ریا یعنی دکھاوا، غرور وتکبّر، دھوکا، فریب، چوری، جُوا، شراب، زنا، اغلام بازی اور ظلم جیسی اخلاقی برائیوں سے بچنا نہایت ضرُوری ہے مُسلمان کے لیے مسلمان کو بغض وکینہ رکھنا گناہ ہے۔

مسلمان مَردوں کو داڑھی رکھنا ضروری ہے داڑھی مُونڈنا

یا کترنا اور کافروں فاسقوں کی وضع اختیار کرنا حرام ہے مسلمان مَرد وعورت پر ضروری ہے کہ وہ شکل وصورت اور لباس وغیرہ شریعت وسنّت کے مطابق رکھیں۔ ایسا باریک لباس ہرگز نہ پہنا جائے جس سے بدن یا بال صاف نظر آئیں۔ مَردوں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی عورتوں کو پردے کی تاکید کریں۔ مرد کے لیے عورت کی وضع اختیار کرنا اور عورت کے لیے مَردانہ وضع اختیار کرنا سخت گناہ ہے۔

یاد رکھیں کہ ہر عبادت خالص اللہ کے لیے کرنی چاہیئے اور نیکی کا مقصد اللہ اور اس کے رسول صلّی اللہ علیہ وسلّم کی رضا ہونی چاہیئے۔ کسی نیکی کو چھوٹا سمجھ کر چھوڑیں نہیں اور کسی گناہ کو چھوٹا سمجھ کر کریں نہیں۔ اللہ سے ڈرتے رہیں اور موت کو یاد رکھیں۔ عورتیں گھروں

کے اندر ہی نماز ادا کریں۔ البتہ علمائے حق کے وعظ و نصیحت سننے کے لیے پردے کی پابندی کے ساتھ اپنے محرم کے ساتھ ایسی مجلس میں جاسکتی ہیں جہاں پردے کا معقول انتظام ہو۔

ہر قادری کو چاہیے کہ ہر ماہ ایصالِ ثواب کی غرض سے گیارہویں شریف کی فاتحہ ضرور کرے۔ ماہِ محرّم کی شب عاشورہ، ماہِ ربیع الاوّل کی بارہویں شب، ربیع الآخر کی گیارہویں شب، رجب کی ستائیسویں شب، شعبان کی پندرہویں شب، ماہ رمضان کے آخری عشرے کی طاق راتیں ۲۱، ۲۳، ۲۵، ۲۷، ۲۹ (شبِ قدر) عیدالفطر کی رات اور ۸-۹-۱۰ ذی الحجہ کی راتیں جاگ کر خصوصیت کے ساتھ عبادت میں گزاریں اور ان راتوں میں گزشتہ

کے گناہوں سے سچی توبہ کریں اور سب مسلمانوں کے لیے دعا کریں۔ اپنے اہلِ قرابت اور اپنے پیر کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔ جو مسلمان مرد اور عورتیں وفات پاچکے ہیں ان کو ایصالِ ثواب کریں۔ کوشش کریں کہ باوضو رہا کریں۔ اپنے اخلاق کو بہتر سے بہتر بنائیں۔ بڑوں کا ادب کریں۔ ان کی خدمت کریں۔ چھوٹوں سے شفقت کا سلوک کریں۔ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت کا خاص خیال رکھیں۔ اپنے ماحول کو پاکیزہ بنائیں۔ روزانہ قرآن شریف کا کچھ حصہ ضرور پڑھیں اور درُود شریف کی کثرت کریں۔ اپنے دینی و اخلاقی و ملّی منصب اور فرائض کی ادائی میں کوتاہی نہ کریں۔ ہر غیر شرعی کام کرنا یا اس میں کسی طرح کا تعاون کرنا گناہ ہے۔ شریعت و سنت کے خلاف کسی کا حکم ہرگز نہ مانیں

بارہ ربیع الاوّل، یومِ عاشورہ اور ۱۵ شعبان المعظّم کا روزہ بہت ثواب و سعادت کا موجب ہے۔ خصوصًا شبِ برأت میں زیارتِ قبور سنّت ہے۔

یاد رکھیے!

آپ نے اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اور اس کے رسولِ مقبول رحمتِ عالَم نورِ مجسّم شفیعِ معظّم صلّی اللہ علیہ وسلم کی رضا کیلئے اِس گنہگار بندے کے ہاتھ پر بیعتِ ارشاد یا بیعتِ تبرّک کرتے ہوئے یہ وعدہ کیا ہے کہ مذہبِ حق اہلِ سنت وجماعت پر قائم رہتے ہوئے شریعت وسنّت کی پابندی کریں گے اور اللہ تعالےٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی اور گناہوں سے بچیں گے اور اپنے پیر کی تعلیمات و ہدایات پر عمل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ

کو اس وعدہ پر قائم رکھے اور اس کو بہ تمام وکمال پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ وعدہ توڑنا حرام اور سخت برا ہے۔ اپنے عقائد کی معلومات اور نیک اعمال کی تفصیل کیلئے اس خادمِ دین وملّت اور علمائے حق اہلِ سنت وجماعت کی کتابیں پڑھیں۔

یہ خادمِ اہلِ سنّت جس کے ہاتھ پر آپ نے بیعت کی ہے یہ بندہ خود کوئی چیز نہیں ہے۔ نہایت گنہگار ہے تاہم اس کا سلسلہ اللہ کے برگزیدہ اور پیارے بندوں سے منبعِ فیوض و برکات رحمتِ عالَم صلّی اللہ علیہ وسلّم تک متّصل ہے اِس اتّصال کی وجہ سے یقیناً آپ کو دنیا و آخرت میں فیض و فائدہ پہنچے گا، اِن شاءاللہ۔ آپ کو تاکید ہے کہ آپ اِس عاجز و ناتواں بندے کے لیے بھی دعائے خیر کرتے رہیں۔

جَزَاکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی

اللھم صل علی صاحب المقام المحمود

اللھم صل علی صاحب اللواء المعقود

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ

اِلٰھِی نَجِّنَا مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ بِجَاہِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ

وَھَبْ لَنَا فِی مَدِیْنَتِہٖ قَرَارًا بِاِیْمَانٍ وَّدَفْنٍ بِالْبَقِیْعِ

توجہ کیجئے :-

دلائل الخیرات ، اوائل الخیرات ، حزب البحر ، دعائے حیدری ، دعائے سیفی ، درود کبریت احمر ، چہل کاف اور دیگر اوراد وغیرہ پڑھنے کے خواہش مند اجازت کے بغیر نہ پڑھیں ۔ اس شجرہ شریفہ میں جو اوراد و وظائف نقل کیے گئے ہیں وہ تمام وابستگانِ سلسلہ قادریہ نقشبندیہ چشتیہ صابریہ سہروردیہ اشرفیہ کو پڑھنے کی اجازت ہے ۔ جیسا کہ میرے باکمال مشائخ کرام نے مجھے پڑھنے اور مریدین کو بتانے کی اجازت عطا کی ۔ اللہ کریم جل شانہ اپنے پیاروں کے طفیل ہمیں دنیا و آخرت میں سرخرو فرمائے آمین ۔

بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ واتباعہ و بارک وسلم اجمعین ۔

فقیر کوکب نورانی اوکاڑوی غفرلہٗ

اہل علم سے گزارش ہے کہ اسماء و اعراب کی غلطی سے درگاہ فرمائیں تاکہ آئندہ طباعت میں تصحیح کر دی جائے ۔

جملہ حقوق محفوظ ہیں

فقیر : کوکب نورانی اوکاڑوی غفرلہٗ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نور القمر
لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

(حضرت امیر خسرو دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

بگرداب بلا افتادہ کشتی
مدد کن یا معین الدین چشتی

○

اے اشرفِ زمان زمانے مدد نما
درہائے بستہ را بہ کلید کرم کشا

○

کوکبِ دُرّی کہ حق فرمودہ است
بے گمان ما نورِ خود بستودہ است

کوکبِ نورانیٔ نورِ مصطفیٰ
اُویسِ شفیع ماست در روزِ جزا

○

ثبت فاغفر یا الهی انت غفار الذنوب

ربّ لا تکشف عیوبی انت ستار العیوب

۱۳۶۲

الهی انت مقصودی و رضاک مطلوبی